# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 11 ستمبر 2017ء

**ریٹرننگ آفیسر ضمنی انتخاب حلقہ این اے 120 لاہور نے پی ٹی وی کے خلاف الیکشن کمیشن کو کیس بھجوایا دیا۔**

ریٹرننگ آفیسر ضمنی انتخاب حلقہ این اے 120 لاہور نے پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن کے خلاف الیکشن کمیشن آف پاکستان کو کیس بھجوادیا جس میں یہ کہا گیا ہے کہ پی ٹی وی نے مورخہ 10 ستمبر 2017ء کو مریم نواز کی لاہور میں رات 8 بجے کی ریلی کو بھرپور کوریج دی۔ ریٹرننگ آفیسر نے اس کے خلاف کاروائی کرنے کو کہا ہے۔

پی ٹی وی چینل نے مریم نواز کی الیکشن مہم جو کہ وہ اپنی والدہ کے لئے کر رہی ہیں تھیں کو براہ راست نشر کرنے اور اس کو کوریج دینے پر ریٹرننگ آفیسر ضمنی انتخاب حلقہ این اے 120 لاہور نے سیکرٹری الیکشن کمیشن کو ایک لیٹر لکھا ہے۔ جس میں اس بات پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے کہ ایک قومی ادارہ کیوں مسلم لیگ (ن) کی ریلی کو کوریج دے رہا ہے؟ اسی سلسلے میں جی۔ ایم پی ٹی وی سے تین دن کے اندر وضاحت مانگی جائے کہ آیا یہ کوریج کیوں کی جارہی ہے؟ اور ساتھ ہی یہ بھی درخواست کی گئی ہے کہ این اے 120 میں تمام امیدواروں کو یکساں کوریج دی جائے نہ کہ صرف ایک امیدوار کو۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆